## وفاقی مشیر داخلہ رحمٰن ملک کی انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائد الطاف حسین سے ملاقات

## پاکستان کو درپیش چیلنجز، ججوں کی بحالی کے معاملے، جمہوریت کے استحکام، پیپلزپارٹی اورایم کیوایم کے درمیان اتحاد کو مزید مضبوط بنانے اور مجموعی سیاسی ومعاشی حالات کے بارے میں تفصیلی بات چیت

## پیپلزپارٹی اورایم کیوایم کا اتحاد آنے والے وقت میں سیاسی ومعاشی استحکام اور حالات کومزید بہتر بنانے میں اہم کردارادا کریگا رحمان ملک

## ملک کی بقاء وسلامتی، جمہوریت کے استحکام اور ملک کوسیاسی ومعاشی بحرانوں سے نکالنے کیلئے حکومت کے تمام مثبت اقدامات کی غیرمشروط حمایت اورتعاون جاری رکھیں گے۔الطاف حسین

## محترمہ بینظیر بھٹوشہید نے ساری زندگی جمہوریت کیلئے جدوجہد کی اور بالآخر جمہوریت کیلئے اپنی جان تک کی قربانی پیش کردی جس پرانہیں دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔الطاف حسین

لندن۔۔۔8 مئی 2008ء

وفاقی مشیر داخلہ اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما جناب رحمٰن ملک نے آج ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ملاقات کی۔ ملاقات میں دونوں رہنماؤں کے درمیان پاکستان کو درپیش چیلنجز، ججوں کی بحالی کے معاملے، جمہوریت کے استحکام، پیپلزپارٹی اورایم کیوایم کے درمیان اتحاد کومزید مضبوط بنانے اور ملک کے مجموعی سیاسی ومعاشی حالات کے بارے میں تفصیلی بات چیت کی گئی۔اس موقع پر بات چیت کرتے ہوئے وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک نے کہا کہ تمام جمہوریت پسند حلقوں اور ہر طبقہ فکر سے تعلق رکھنے والے عوام بالخصوص بزنس کمیونٹی نے پاکستان پیپلز پارٹی اورایم کیوایم کے درمیان اتحاد کا زبردست خیرمقدم کیا ہے اورانشاء اللہ دونوں جماعتیں ملک کو درپیش سیاسی ومعاشی چیلنجز سے نمٹنے کیلئے باہمی اتحاد وتعاون کومزید مضبوط بنائیں گی ۔جناب رحمٰن ملک نے کہا کہ پاکستان پیپلزپارٹی اور ایم کیوایم کا اتحاد پیپلزپارٹی کے شریک چیئرمین جناب آصف علی زرداری اور جناب الطاف حسین کی قائدانہ صلاحیتوں اورسیاسی فہم ودانش کا مظہر ہے اورانشاء اللہ دونوں جماعتوں کا اتحاد قوم کیلئے آنے والے وقت میں باعث افتخار اور سیاسی ومعاشی استحکام اور حالات کومزید بہتر بنانے میں اہم کردارادا کرے گا۔وفاقی مشیر داخلہ رحمان ملک نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی قائدانہ صلاحیتوں کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی سیاسی تاریخ میں ان کا کردار سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔انہوں نے مختلف مواقع پر پاکستان پیپلز پارٹی کی غیرمشروط حمایت وتعاون کرنے پر جناب الطاف حسین اورایم کیوایم کی قیادت کا شکریہ ادا کیا۔اس موقع پر جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم اور پیپلزپارٹی کے درمیان اتحاد اور ملک میں امن واستحکام کے سلسلے میں وفاقی مشیر داخلہ جناب رحمٰن ملک کے مثبت کردار اورکوششوں پرانہیں خراج تحسین پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی بقاء وسلامتی، جمہوریت کے استحکام اور ملک کوسیاسی ومعاشی بحرانوں سے نکالنے کیلئے پیپلز پارٹی کی حکومت کی جانب سے کئے جانے والے تمام مثبت اقدامات کی غیرمشروط حمایت اورتعاون جاری رکھے گی ۔انہوں نے کہا کہ ہم دعا کرتے ہیں کہ پیپلزپارٹی اورایم کیوایم کا یہ اتحاد سندھ میں امن وبھائی چارے کے فروغ، پاکستان کی ترقی اورعوام کی خوشحالی کا باعث ثابت ہو۔جناب الطاف حسین نے شہید جمہوریت محترمہ بینظیر بھٹو کو جمہوریت کیلئے انکی قربانیوں اور کوششوں پرخراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ محترمہ بینظیر بھٹوشہید نے جمہوریت کیلئے طویل جدوجہد کی اور بالآخر جمہوریت کیلئے اپنی جان تک کی قربانی پیش کردی جس پر میں انہیں دل کی گہرائیوں سے زبردست خراج عقیدت پیش کرتا ہوں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک اور جمہوریت کیلئے محترمہ بینظیر بھٹوشہید کی قربانیاں رائیگاں نہیں جائیں گی۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ محترمہ بینظیر بھٹوشہید کے لواحقین اور بچوں کو خیریت اورامان میں رکھے اور پیپلز پارٹی کے شریک چیئرمین آصف علی زرداری کومحترمہ بینظیر بھٹوشہید کے سنہری اصولوں پر گامزن رہنے کی ہمت وحوصلہ عطا کرے۔ ملاقات میں رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینز طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان محمد انور، سلیم شہزاد اور دیگر ارکان بھی موجود تھے۔

## خاص طبقہ اپنے مفادات کے حصول کیلئے بار بار آٹے کا بحران پیدا کر رہا ہے، ارکان قومی اسمبلی

کراچی ۔۔۔8، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست اراکین قومی اسمبلی نے آٹے کے بحران پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اور حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ آٹے کی فراہمی کو ملک کے ہر شہر، قصبے، گاؤں اور دیہات میں یقینی بنایا جائے ۔ اپنے مشترکہ بیان میں اراکین قومی اسمبلی نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے اور یہاں آٹے کے بحران کا پیدا ہونا ہی اس امر کی واضح نشاندہی کرتا ہے کہ ایک خاص طبقہ اپنے مفادات کے حصول کیلئے منظم طریقے سے بار بار بحران پیدا کر رہا ہے جس کے باعث غریب عوام کو دو وقت کی روٹی کھانا بھی مشکل ہو گیا ہے ۔ انہوں نے کہا کہ موجودہ حکومت کی یہ اولین ذمہ داری ہے کہ وہ کراچی سمیت ملک بھر میں آٹے کے بحران کا سختی سے نوٹس لے اور اس بحران کے پیچھے کارفرما عوامل کا فی الفور جائزہ لیکر عوام کو آٹے کی فراہمی یقینی بنا کر اس بحران میں ملوث عناصر کے خلاف سخت ترین کارروائی عمل میں لائے ۔

## گہوارہ ادب کے زیر اہتمام ''پاک ہندودوستی'' مشاعرہ 10 مئی کو انو بھائی پارک میں ہوگا
## ہندوستان اور پاکستان کے نامور شعرائے کرام شرکت کریں گے

کراچی ۔۔۔8، مئی 2008ء

گہوارہ ادب کے زیر اہتمام اس سال بھی ''پاک ہندودوستی'' مشاعرے کا انعقاد 10 مئی بروز ہفتہ کو کیا جائے گا ۔ یہ مشاعرہ انو بھائی پارک ناظم آباد میں 9 بجے شب منعقد ہوگا ۔ اس مشاعرے میں ہندوستان سے آئے ہوئے نامور شعرائے کرام کے ساتھ ساتھ پاکستان کے صفِ اول کے شعراء کرام بھی اپنا تازہ کلام نذر سامعین کریں گے ۔ مشاعرے میں ہندوستان سے متوقع شعراء میں وسیم بریلوی، منوررانا، محترمہ ڈاکٹر نسیم نکہت، ڈاکٹر کنور بہادر بے چین، منصور عثمانی، راہی بستوی، رئیس انصاری پاکستان سے متوقع شعرائے کرام میں جمیل الدین عالی، راغب مرادآبادی، ڈاکٹر پیرزادہ قاسم، امجد اسلام امجد، افتخار عارف، خواجہ رفیق انجم، نقاش کاظمی، محترمہ گلنار آفرین، منظر ایوبی، سلیم کوثر، اطہر شاہ خان، عارف شفیق، عنایت علی خان، ساجد رضوی، محترمہ ثروت ظفر شامل ہیں ۔ واضح رہے کہ گہوارہ ءادب پر عزم نوجوانوں کی ادبی انجمن ہے جو شہر میں امن و آشتی کے پھول کھلانا چاہتی ہے، علم کے چراغ روشن کرنا جس کا منشور ہے، محبت کی قندیلیں فروزاں کرنا اس کا مقصد ہے ۔ گہوارہ ادب گزشتہ کئی برسوں سے صوبے کے نوجوان طلباء میں ادبی، ثقافتی، سماجی اور تعلیمی سرگرمیاں عام کرنے اور ادب سے متعلق شعور کو فروغ دینے کیلئے تقریری مقابلے اور مباحثے، بیت بازی، روبرو، طلباء کی عدالت، سٹی اولمپکس کتب میلہ، مشاعرے جیسے پروگرام منعقد کرتی رہی ہے ۔

## حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجہ نے لاڑکانہ کے مختلف مراکز میں جا کر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے

لاڑکانہ ۔۔۔8، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجہ نے پولیو کے خلاف قومی مہم کے سلسلے میں لاڑکانہ میں پولیو ویکسین پلانے کے مختلف مراکز کا دورہ کیا اور بچوں کو خود بھی پولیو ویکسین کے قطرے پلائے ۔ ہرگن داس آہوجہ نے مراد واہن میٹرنٹی ہوم، ہلال احمر ڈسپنسری سمیت دیگر مراکز میں جا کر انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لیا اس موقع پر انہوں نے افسران، اسٹاف اور مریضوں سے ان کے مسائل معلوم کئے اور پولیو ویکسین پلانے کے سلسلے میں قائم کی گئی گشتی ٹیموں کی کارکردگی کے متعلق معلومات بھی حاصل کیں ۔ انہوں نے پولیو مراکز کے مسائل کے حل کیلئے اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلاتے ہوئے کہا کہ وہ حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد کے سامنے یہ مسائل پیش کریں گے اور انشاءاللہ حق پرست قیادت پولیو مراکز کی سہولیات کیلئے ہر ممکن اقدامات بروئے کار لائے گی ۔ اس دوران ضلع پولیو افسر ڈاکٹر عبدالستار شیخ اور دیگر عملے نے حق پرست رکن سندھ اسمبلی ہرگن داس آہوجہ کی انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں کاوشوں کو سراہا اور مسائل معلوم کرنے پر ان کا شکریہ ادا کیا ۔ اس موقع پر ایم کیو ایم لاڑکانہ زون کے زونل انچارج آفتاب علی سومرو، جوائنٹ انچارج اور کمیٹی کے دیگر اراکین بھی ان کے ہمراہ تھے ۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم ختم ہوگئی

## لوگوں کی بڑی تعداد نے مہم سے استفادہ کیا، مراکز پر بچوں کو بڑی تعداد میں پولیو ویکسین کے قطرے پلائے گئے

کراچی۔۔۔8مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم آج اختتام پذیر ہوگئی۔انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت نذیر حسین میڈیکل سینٹر و اسپتال فیڈرل بی ایریا، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر و اسپتال پاک کالونی، خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں، حیدرآباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ذیلی شاخ سمیت مختلف علاقوں میں قائم پولیو مراکز پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کی ویکسین کے قطرے پلائے گئے۔سہ روزہ مہم کے دوران صبح اور شام کے اوقات میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے مراکز پر بچوں کے والدین نے بڑی تعداد میں رابطہ کیا اور سہولت سے بھرپور استفادہ کیا۔بچوں کے عزیز واقارب نے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت جاری انسداد پولیو مہم اور اس مرض سے بچاؤ کے متعلق معلومات فراہم کرنے کے لئے کئے گئے خصوصی اقدامات کو بھی سراہا۔

## ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر کے کارکن سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔8مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم اولڈ لیاری سیکٹر یونٹ رانگی واڑہ کے کارکن محمد اقبال کے والد محمد خلیل کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا فرمائے۔(آمین)

☆☆☆☆☆